**03/06/2025**

**12.30 PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ بصارت گل سے خبریں سُنیے۔**

**کمیٹی میٹنگ**

**جموں کشمیر اسمبلی کی ہاؤس کمیٹی کی ایک میٹنگ کمیٹی کے چیر مین سُرجیت سنگھ سلاتھیہ کی سربراہی مینمنعقد ہوئی ۔ میٹنگ مینکمیٹی ممبران علی محمد ساگر ،سجاد غنی لون، میر محمدفیاض، پیر زادہ فاروق احمد شاہ ،ارجن سنگھ راجو اور مظفر اقبال خان نے شرکت کی ۔**

**میٹنگ میں اسمبلی ممبران کے تنخواہوں اور الاؤنسز میں بڑھوتری کرنے پر سیر حاصل بحث کی گئی۔**

**کھیر بھوانی**

**آج میلہ کھیر بھوانی ہے۔اس سلسلے میں ماتا کھیر بھوانی مندر تولہ مولہ گاندربل میں اس وقت عقیدتمندوں کا تانتا بندھا ہوا ہے۔ کھیر بھوانی مندر میں مقامی پنڈتوں کے علاوہ جموں ، دلی اور ملک کے دیگر حصوں سے آئی ہوئی عقیدت مندوں کی ایک خاصی تعداد پہنچ گئی ہے۔**

**مندر کے آس پاس خاصی رونق اور چہل پہل ہے ،جہاں مقامی مسلمان، پنڈت عقیدت مندوں کا والہانہ استقبال کرکے بھائی چارے اور مذہبی روا داری کی ایک عظیم مثال قائم کر رہے ہیں۔**

**میلہ کھیر بھوانی**

**میلہ کھیر بھوانی کے سلسلے میں ٹکر کپواڑہ ، لوگری پورہ عیشمقام ، منز گام اور دیوسر کولگام میں بھی تقاریب کا اہتمام ہو رہا ہے اور وہاں بھی کافی تعداد میں پنڈت برادری کے لوگ حاضری دے رہے ہیں۔**

**خصوصی ٹرانسپورٹ**

میلہ کھیر بھوانی کے حوالے سے بڈگام اور کولگام کے ضلع ترقیاتی کمشنران نے پنڈت مائیگرنٹوں کیلئے ٹرانسپورٹ کے خصوصی انتظامات کئے ہیں تاکہ وہ تولہ مولہ میں پوتر استھاپن پر حاضری دے سکیں۔

**عُرس**

آج ہی وادی میں بانی اسلام حضرت میر سید علی ہمدانیؒ کا سالانہ عرس بھی منایاجا رہا ہے۔ اس سلسلے میں سرینگر کے تاریخی خانقاہ معلی میں ایک بڑا اجتماع منعقد ہوگا جہاں وادی کے اطراف سے عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد کی آمد متوقع ہے ۔

وادی کے دیگر خانقاہوں اور بقہ جات میں بھی روح پرور مجالس کا انعقاد ہو رہا ہے جہاں مبلغ اور ائمہ حضرات ، حضرت شاہ ہمدانؒ کی تاریخ ساز اسلامی خدمات پرروشنی ڈالیں گے ۔

**DGP**

کی ایک مشترکہ میٹنگ کی CAPF جموں کشمیر پولیس کے سربراہ نلین پربھات نے پولیس اور صدارت کے دوران آنے والی شری امر ناتھ جی یاترا // عیدا لاضحی اور کچھ دیگر تقریبات کے سلسلے میں تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا۔

آرمڈ ADGPکارڈنیشن سید مجتبیٰ جاوید گیلانی، DGP میٹنگ میں دیگر افسروں کے علاوہ سپیشل بھی موجود تھے ، جنہوں نےDIGs اور کشمیر زون کے تمامIGCRPFکشمیر، IGPآنند جین، کو ان تقریبات کی نسبت سے مجوزہ سیکورٹی تیاریوں کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی DGP
۔

**میٹنگ**

کپواڑہ اور بانڈی پورہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنران نے افسران کی الگ الگ میٹنگونمیں عید الاضحی کے سلسلے میں انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا۔

انہوں نے بازاروں میں قیمتونکو اعتدال پر رکھنے کے علاوہ عوام کی سہولت کیلئے بجلی، پانی اور دیگر اہم ضروریات دستیاب رکھنے کی ہدایت دی ۔

اعجاز اسد

دیہی ترقی و پنچایتی راج محکمے کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے ڈپٹی کمشنران کے ساتھ ایک میٹنگ میں پنچایت ایڈوانسمنٹ انڈیکس دوئم کی عمل آوری اور جموں کشمیر میں پنچایت گھروں کے تعمیر کیلئے درکار اراضی کی منتقلی کا جائزہ لیا۔

انہوں نے ڈپٹی کمشنران کو ہدایت دی کہ وہ محکمہ کی کار کردگی کے حوالے سے اپنی نگرانی میں ضلع ، بلاک اور پنچایتی سطح پر ورکشاپوں کا انعقاد کرائیں۔

کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے ایک میٹنگ مینمحکمہ سماجی بہبود اور دیگر کئی محکموں کے افسران کے ساتھ ایک میٹنگ میں ان محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔انہوںننے متعلقہ محکموں کے تحت دردست لی گئی اسکیمونکی عمل آوری کا بھی جائزہ لیا۔

ادھر ڈپٹی کمشنر بارہمولہ نے ڈسٹرکٹ لیول ریویو کمیٹی کی ایک میٹنگ میں بینکوں اور دیگر مالی اداروں کے تحت جاری اسکیمونکی پیشرفت کا جائزہ لیا۔

آنکھ زخم

Ocular بچوں اور نوجوانونکی آنکھونکو مختلف صورتوں کے ذریعے زخم لگنے کو کہتے ہیں ۔اس زخم سے انسان کی قوت بینائی پر کافی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ اس Trauma شعبے کے سربراہ اور پروفیسر Opthalmology تعلق سے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں ڈاکٹر جنید وانی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

................Dr. Junaid........

گاندربل

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ضلع گاندربل میں ایک منی میراتھن کا اہتمام کیا گیا ۔ میرا تھن کا اہتمام ضلع انتظامیہ گاندربل نے محکمہ سوشل ویلفیئر اور ڈسٹرکٹ یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کیڈٹس ، نوجوانوں اور سرکاری NCCمحکمہ کے اشتراک سے کیا تھا۔اس میرا تھن میں طلباء، اہلکاروں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

مہم

ورلڈ اینوار منٹ ڈے کے حوالے سے ون نیشن ون مشن کے تحت ضلع انتظامیہ سرینگر نے گورنمنٹ ہائر اسکنڈری اسکول پانتھ چوک میں پلاسٹک پولوشن کے خاتمے کیلئے ایک صفائی مہم کا اہتمام کیا۔مہم میں پلاسٹک کے استعمال سے پیدا شدہ ماحول کی آلودگی اور مضر اثرات کو اجا گر کیاگیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

...............................................

..................................

.....................

.........

..